BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

کووِڈ-19 کے رد عمل میں، برامپٹن سٹی کونسل کاروباروں کی معاونت اور معاشی بحالی کی منصوبہ بندی کے لیے اقدامات اٹھا رہی ہے

برامپٹن، آن (13 مئی 2020) – آج سٹی کونسل نے مقامی معیشت کو دوبارہ شروع کرنے کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے سٹی کے ایک فریم ورک کے طور پر برامپٹن کی معیشت کی بحالی کی حکمت عملی کو منظور کیا ہے۔

چھوٹے کاروباروں کی معاونت

برامپٹن کے چھوٹے کاروباروں کی کمیونٹی پر کووِڈ-19 کے اثرات، بشمول آمدنی کا متاثر ہونا اور بے دخلی کے مسلسل خطرات، کے رد عمل میں، میئر براؤن نے کاروباری بے دخلی پر عارضی پابندی کی درخواست کے لیے صوبائی حکومت کو ایک خط بھیجا ہے۔ یہ قلیل مدتی حل کینیڈا ایمرجنسی رینٹ اسسٹینس (CECRA) پروگرام کی منظوریوں کا انتظار کرنے والے کاروباروں کو امداد فراہم کرے گا۔

سٹی برامپٹن میں مالک مکانوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ CECRA کے لیے درخواست دینے پر غور کریں اور کرایے داروں کو اس مشکل وقت سے گزرنے میں مدد دینے کے لیے ان کے ساتھ مل کر کرایے کی ادائیگی کے منصوبوں پر کام کریں۔

اکنامک ریکوری اسٹریٹجی

اکنامک ریکوری اسٹریٹجی (معاشی بحالی کی حکمت عملی) کی رہنمائی میئرز کووڈ -19 اکنامک سپورٹ ٹاسک فورس، جس کی مشترکہ صدارت ریجنل کونسلرز مائیکل پیلیسچی اور پال ویسینٹے کرتے ہیں، نے کی ہے اور اس نے کورونا وائرس (کووِڈ-19) کی عالمی وباء کے دوران برامپٹن میں کاروباروں کے لیے امداد کی کوششوں میں معاونت فراہم کرنے کے لیے سفارشات اور اقدامات کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے کافی کام کیا ہے۔ اس ٹاسک فورس میں وفاقی و صوبائی حکومتوں، برامپٹن بورڈ آف ٹریڈ، ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن BIA اور چیمبرز آف کامرس کے اراکین اور ساتھ ہی ساتھ برامپٹن کی کاروباری کمیونٹی کے نمائندے بھی شامل ہیں۔

اکنامک ریکوری اسٹریٹجی کا مقصد آگے بڑھتے ہوئے برامپٹن کی معیشت میں لچک اور مسابقتی تقویت لانا ہے۔ یہ اہداف حکمت عملی کے چار ستونوں کے مطابق فوری اور طویل مدتی اقدامات کر کے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ یہ چار ستون اور کچھ فوری اقدامات یہ ہیں:

- **جدت، ٹیکنالوجی اور انٹرپرینیوئرشپ**
  جدت اور ٹیکنالوجی سے بھرپور تبدیلی کو مکمل اختیار کرنا اور برامپٹن انٹرپرینیوئر سنٹر کی پیشکشوں میں توسیع اور ڈاؤن ٹاؤن انوویشن ڈسٹرکٹ کے باضابطہ آغاز اور بڑھوتری جیسے اقدامات کے ذریعے انٹرپرینیوئرشپ کا فائدہ اٹھانا۔
- **سرمایہ کاری**
  سرمایہ کاری لانے اور برقرار رکھنے کے مواقع حاصل کرنا، بشمول ایک "سپورٹ لوکل" مہم کا آغاز اور ورچوئل فارن ڈائریکٹ انویسٹمنٹ کے مشنز۔
- **انفراسٹرکچر**
  انفراسٹرکچر کے پراجیکٹس کو تیز کرنا، بشمول الگوما یونیورسٹی کی توسیع
- **فنون، ثقافت اور سیاحت**
  ڈیجیٹل جدت کی جانب بڑھنا جاری رکھنا، جبکہ سٹی ثقافتی تعامل کے مستقبل اور فنون و ثقافت کے شعبے کے لیے معاونت کو از سر نو زیر غور لا رہا ہے۔ فوری اقدامات میں فنون کی تعلیم، مظاہروں اور تقریبات کی آن لائن فراہمی شامل ہے۔

یہ حکمت عملی وقت کے ساتھ ارتقاء پذیر ہو گی، جبکہ اقدامات کا نفاذ اور تجزیہ کیا جاتا رہے گا۔

اقتباسات

"کووِڈ-19 پوری دنیا کی طرح برامپٹن کے کاروباروں کے لیے بھی ایک خطرناک طوفانی لہر کی طرح آیا ہے۔ جبکہ ہم اپنی معیشت کو دوبارہ قائم کرنے کے لیے منصوبہ بندی کر رہے ہیں، ہم اپنی کاروباری کمیونٹی کے مفادات کی وکالت کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ مجھے اس بات پر خوشی ہے کہ اکنامک سپورٹ ٹاسک فورس نے مقامی کاروباروں کے لیے فوری مدد فراہم کرتے ہوئے بحالی پر توجہ مرکوز کی ہے، تاکہ ہم جتنی جلدی ممکن ہو سکے، اپنی معیشت کو دوبارہ شروع کرنے اور اپنے کاروباروں کو بحالی میں مدد دینے کے لیے تیار ہوں۔"

- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن

"ہم اس حوالے سے خوش قسمت رہے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کے اتنے سب شراکت داروں، بشمول منسٹر سرکاریہ اور MP خیرہ، نے ہمارے ساتھ اکنامک سپورٹ ٹاسک فورس میں بیٹھ کر بات کی، تاکہ ہم اپنی کاروباری کمیونٹی کو پیش آنے والے مسائل پر بات چیت کر سکیں اور ممکنہ حل پر کام کر سکیں۔ ہم نے اپنی کاروباری کمیونٹی کی اس وقت میں مدد دینے اور اس بحران سے نکلتے ہوئے اپنی معیشت کی بحالی کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے مل کر کام کیا۔ ہم حقیقت میں ایک ساتھ زیادہ طاقت ور ہیں اور اس بحران سے اکٹھے نکلیں گے۔"

- مائیکل پیلیسچی، ریجنل کونسلر وارڈز 2 اور 6؛ کو چیئر، اکنامک سپورٹ ٹاسک فورس

"ہم کووِڈ-19 کی عالمی وباء کے آغاز سے ہی اپنی کاروباری کمیونٹی کے ساتھ موقع پر موجود ہیں، ان سے مل رہے ہیں، ان کی وکالت کر رہے ہیں اور ہر ممکن طریقے سے ان کی معاونت کر رہے ہیں۔ ہم ایسے ٹھوس اقدامات اٹھا کر انہیں اس بحران سے مضبوط اور ثابت قدم طریقے سے باہر نکلنے میں مدد دینے کے لیے پرامید ہیں، جو ان کی ابھی اور مستقبل میں بھی معاونت کریں۔"

- پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ کو چیئر، اکنامک سپورٹ ٹاسک فورس

"ہمارا عملہ مستقبل کی بڑھوتری اور کامیابی کو آگے بڑھانے میں مدد دینے کی کوشش کرتے ہوئے اپنے مقامی کاروباروں کی موجودہ وقت میں مدد کے لیے سٹی کی کووِڈ-19 ٹاسک فورسز کے اراکین کے ساتھ مل کر انتھک محنت کرتا رہا ہے۔ سٹی ایک فعال طریقہ کار اپنا رہا ہے، جو کووِڈ-19 کے خلاف ایک جامع رد عمل کو یقینی بناتا ہے، جس میں ہماری مقامی معیشت کے کئی شعبہ جات شامل ہیں۔"

- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن

30--

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca